ನೋಂದಣಿ ಸಂಖ್ಯೆ : Registration No. :											

V1 – 2026

ವಿಷಯ ಸಂಕೇತ / Subject Code	**08 (NS)**

ಉರ್ದು / URDU

(Urdu Version)

[ಸಮಯ: 3 ಗಂಟೆಗಳು] [ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 49] [ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 80]

[Time : 3 Hours] [Total No. of questions : 49] [Max. Marks : 80]

ضروری ہدایات:

1. تمام سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔
2. ہر سوال کے محاذی نشان درج ہیں۔
3. اس سوالیہ پرچے کے چار حصے الف، ب، ج اور د ہیں اور ان میں سے حصہ "الف" کے سوالوں کے جوابات جو پہلی مرتبہ لکھے گئے ہیں۔ صرف انہی کی جانچ ہوگی۔

حصہ "الف"

I. (الف) درجِ ذیل سوالوں کے دئے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر لکھئے۔ **(5 × 1 = 5)**

1) ٹیپو سلطان نے سرنگیری کے مندر کو دوبارہ تعمیر کرنے کے لئے کتنا عطیہ دیا؟

(a) ایک ہزار اشرفی (b) دس ہزار اشرفی

(c) دو سو سلطانی اشرفی (d) ایک سو سونے کی اشرفی

2) لاڈلی نے اپنے حصے کی پوریاں کہاں چھپا رکھی تھیں؟

(a) کتابوں کے بستے میں (b) گڑیوں کی پٹاری میں

(c) بکسے میں (d) پیسوں کی تھیلی میں

3) منٹو کو بناوٹ سے چڑ تھی، اس کی مثالیں ان کے کس روئے سے ملتی ہیں؟

(a) وہ لوگوں کے ساتھ ہمیشہ شائستگی سے پیش آتے تھے

(b) منٹو ہمیشہ اپنے ساتھیوں کی تعریف کرتے تھے

(c) وہ ہر کسی کی رائے کا احترام کرتے تھے

(d) وہ بناوٹی لوگوں کو فوراً "فراڈ" کہہ دیتے تھے

4) مصنف نے زیور کی مثال Dead Money سے کیوں دی ہے؟

(a) کیوں کہ زیور اکثر بے کار رکھا جاتا ہے

(b) کیوں کہ زیور بہت مہنگا ہوتا ہے

(c) کیوں کہ زیور کبھی پہنا نہیں جاتا

(d) کیوں کہ زیور مردہ افراد کو دیا جاتا ہے

5) ڈاکٹر سید عابد حسین کے بیان کے مطابق' ادیب کے ذہن میں خیالات کب جاگتے ہیں؟

(a) جب وہ دوسروں سے بات کرتا ہے

(b) جب وہ معاشرتی مسائل پر غور کرتا ہے

(c) جب وہ خواب دیکھتا ہے

(d) جب زندگی کی چھیڑ ہوتی ہے

(ب) قوسین میں دئے گئے جوابات میں سے صحیح جواب چن کر ان کہاوتوں کی خالی جگہوں کو پر کیجئے۔
(5 × 1 = 5)

(کوتوال، ایک، میاں، بین، مگرمچھ، گھنٹی)

6) بھینس کے آگے _____ بجانا۔

7) سوسنار کی _____ لوہار کی۔

8) پانی میں رہ کر _____ سے بیر۔

9) الٹا چور _____ کوڈانٹے۔

10) اپنے منہ _____ مٹھو۔

(ج) "الف" میں دئے گئے ضرب الامثال کو "ب" میں دئے گئے مفہوم سے جوڑئیے۔
(5 × 1 = 5)

(الف)	(ب)
11) ہمتِ مرداں مددِ خدا	i) جو لوگ زیادہ بولتے ہیں وہ عملی طور پر کچھ نہیں کرتے۔
12) نیکی اور پوچھ پوچھ	ii) جیسے اعمال ہوں گے ویسا ہی ان کا بدلہ ملے گا۔
13) جیسی کرنی ویسی بھرنی	iii) صبر کا نتیجہ ہمیشہ اچھا ہوتا ہے۔
14) جو گرجتے ہیں وہ برستے نہیں	iv) کام میں کوشش شرط ہے، اللہ ضرور مدد کرتا ہے۔
15) صبر کا پھل میٹھا	v) نیک کام کرنے کے لئے اجازت کی کیا ضروت ہے۔

(د) ذیل کے سوالات کے جواب ایک لفظ یا ایک جملے میں لکھئے۔ (5 × 1 = 5)

16) سوشیل میڈیا کی سب سے بڑی طاقت کیا ہے؟

17) اس ملک میں اردو کا فروغ کس کی مساعی کا نتیجہ ہے؟

18) کرسی خواہ کوئی ہو ہر ایک کا اپنا الگ کیا ہوتا ہے؟

19) میر صاحب سفر کرنے پر کیوں مجبور تھے؟

20) ابوالکلام آزاد نے اپنا یہ خط کس مقام سے لکھا تھا؟

حصہ "ب"

II. (الف) ذیل میں سے کسی چار کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھئے۔ (4 × 2 = 8)

21) روپا نے رقت آمیز لہجے میں کاکی سے کیا کہا؟

22) احمد شاہ بخاری نے منٹو سے کیا کہا اور منٹو نے کیا جواب دیا؟

23) سوشیل میڈیا سے مراد کیا ہے؟

24) ادب کس طرح کی تحریر کو کہتے ہیں؟

25) سفر کے تعلق سے میر صاحب کی خاندانی وضع کیا تھی؟

26) غالبؔ نے کس مصیبت کا ذکر کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس کی تاب لانے کے لئے جگر چاہئے؟

(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی چار کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھئے۔ (4 × 2 = 8)

27) نظم ''سورۂ فاتحہ'' میں اللہ کی کن صفات کا ذکر کیا گیا ہے؟

28) رسول عربیؐ کے غزوات سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

29) عورت کو کس کی کان کہا گیا ہے؟

30) شاعر نے انقلاب کے تعلق سے نوجوانوں کو کس بات کی تلقین کی ہے؟

31) وطن پر بری نظر ڈالنے والوں کو شاعر نے کس طرح خبردار کیا ہے؟

32) ابن زیاد نے ناقہ سوار سے کیا کہا؟

(ج) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا جواب دو یا تین جملوں میں لکھئے۔ (1 × 2 = 2)

33) نظم میں بچپن کی یادیں کیسے پیش کی گئی ہیں؟ مثال سے وضاحت کریں۔

34) ہر دم بشر کو ہے طلبِ رونق حیات کی روشنی میں آپ کس طرح اپنی زندگی میں علم کی روشنی کو شامل کر سکتے ہیں؟

III. (الف) ان میں سے کسی دو سوالات کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھئے۔ (2 × 4 = 8)

35) یہ بات کیوں ناقابل یقین ہے کہ ٹیپو نے ہندوؤں کے ساتھ مذہبی زیادتی کا ارتکاب کیا ہے؟

36) دن کے آٹھ پہر یا چوبیس گھنٹے کس طرح دبے پاؤں نکل جاتے ہیں؟

37) فاروقی صاحب نے نوجوان نسل، بالخصوص اردو زبان وادب سے وابستہ افراد کو کیا نصیحت کی ہے؟

38) کرسی کی مختلف اقسام کا ذکر کریں اور ان کے سوشیل اسٹیٹس پر اثرات کو بیان کریں۔

(ب) کسی دو جملوں کی بحوالہ متن وضاحت کیجئے۔ (2 × 2 = 4)

39) ”کسے پکاروں۔ آج لاڈلی بھی نہیں آئی“۔

40) ”آپ تو بہت بیمار ہیں۔ آپ کیوں آئے“۔

41) ”میرا کان کاٹ لیا اور تم کلمہ پڑھنے کو کہہ رہے ہو“۔

42) ”اے تو لاؤ امام ضامن باندھ دوں اور ذرا سا دہی چکھ لو“۔

حصہ ”ج“

IV. کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے۔ (1 × 4 = 4)

43) i) مثنوی گلزار نسیم ii) اے شریف انسانو iii) ترانۂ کرناٹک

44) ذیل میں دئے کسی چار اشعار کی تشریح کیجئے: (4 × 2 = 8)

i) سختی کے بعد عیش کا اُمید وار اچھ
آخر ہے روزہ دار کوں اک روز عید یہاں

ii) اجی کیوں رلاتے ہو مجھ کو، تمہیں کیا
نہیں رحم آتا مری چشم تر پر

iii) قدم آہستہ اے امید رکھنا خانۂ دل میں
کہ میری آرزو آغوشِ محرومی میں سوتی ہے

iv) طبیعت اپنی گھبراتی ہے جب سنسان راتوں میں
ہم ایسے میں تری یادوں کی چادر تان لیتے ہیں

v) سنا ہے بولے تو باتوں سے پھول جھڑتے ہیں
یہ بات ہے تو چلو بات کر کے دیکھتے ہیں

45) کسی ایک قطعہ کی تشریح کیجئے: (1 × 4 = 4)

i) بہارو خزاں کم نگاہوں کے وہم
برے یا بھلے سب زمانے تیرے
عدم بھی ہے تیرا حکایت کدہ
کہاں تک گئے ہیں فسانے تیرے

ii) پھر بھی دنیا سے امیدِ وفا ہے
تجھے اے زندگی! کیا ہو گیا ہے
بڑی ظالم نہایت بے وفا ہے
یہ دنیا پھر بھی کتنی خوش نما ہے

حصہ "د"

V. 46) ذیل میں سے کسی چار محاورات کو جملوں میں استعمال کیجئے: (4 × 1 = 4)

i) ہوا سے باتیں کرنا ii) تاب نہ لانا
iii) نو دو گیارہ ہونا iv) جادو سر چڑھ کر بولنا
v) دل باغ باغ ہونا vi) آگ بگولہ ہونا

47) ان میں سے کسی ایک کی مع مثال تعریف کیجئے: (1 × 2 = 2)

i) صنعتِ تضاد

ii) صنعتِ مبالغہ

48) اپنے علاقے میں ناکارہ گلیوں کی حالت بہتر کرنے کے لئے میونسپل کمشنر کے نام ایک خط لکھیں اور فوری طور پر مرمت کا کام شروع کرنے کی درخواست کریں۔ **(4)**

49) ذیل کے جملوں کا انگریزی یا کنڑ ازبان میں ترجمہ کیجئے۔ **(4)**

i) کتاب ہماری بہترین ساتھی ہے۔

ii) ہندوستان ایک جمہوری ملک ہے۔

iii) ہم ہر سال یومِ اساتذہ مناتے ہیں۔

iv) بنگلور ریاستِ کرناٹک کا صدر مقام ہے۔
